حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ساتھ طلباء جامعہ احمدیہ یوکے کی ایک بابرکت علمی نشست

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز مورخہ 29 مارچ 2015ء بروز اتوار 11 بج کر 40 منٹ پر Haslemere میں واقع جامعہ احمدیہ یوکے تشریف لائے۔ مکرم مرزا ناصر انعام احمد صاحب، پرنسپل جامعہ احمدیہ UK نے جامعہ احمدیہ کے اساتذہ اور دیگر سٹاف ممبران کے ساتھ اپنے پیارے آقا کو خوش آمدید کہا۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ازراہ شفقت سب اساتذہ اور سٹاف ممبران کو شرف مصافحہ سے نوازا۔ بعد ازاں حضور انور ہال میں تشریف لے گئے جہاں جامعہ احمدیہ کے تمام طلباء منظم طریق پر بیٹھے اپنے پیارے امام کی آمد کے منتظر تھے۔

کلاس کا باقاعدہ آغاز

کلاس کا آغاز تلاوت قرآن کریم سے ہوا۔ عزیزم طاہر احمد خالد صاحب درجہ شاہد نے سورۃ بنی اسرائیل کی آیات 54 تا 56 کی تلاوت کی جس کے بعد عزیزم محمد ارسلان صاحب درجہ شاہد نے تفسیر صغیر سے ان آیات کا ترجمہ بیان فرمودہ حضرت مصلح موعود رضی اللہ عنہ پڑھ کر سنایا۔ اس کے بعد عزیزم صبور احمد بھٹی صاحب درجہ شاہد نے حضرت اقدس مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے منظوم کلام:

اے مرے پیارو! شکیب و صبر کی عادت کرو
وہ اگر پھیلائیں بدبو تم بنو مشک تتار

میں سے چند منتخب اشعار پڑھ کر سنائے۔ عزیزم مدبّر دین صاحب درجہ شاہد نے The concept of freedom of speech in today's society کے موضوع پر انگریزی زبان میں تقریر کی۔ موصوف نے اس تقریر کے دوران اپنے موضوع کے حوالہ سے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے خطبات جمعہ کے منتخب حصّوں کے video clips بھی دکھائے جن سے اس تقریر اور نفس مضمون میں جان پیدا ہوگئی۔

اس کے بعد عزیزم صباح الظفر صاحب درجہ شاہد نے اسلام اور آزادی رائے کے عنوان پر اردو زبان میں تقریر کی۔ موصوف نے بھی اپنی تقریر کے دوران اس موضوع سے متعلقہ حضور انور کے خطبات جمعہ سے منتخب شدہ video clips پیش کئے جس سے مضمون کو چار چاند لگ گئے۔

ان دونوں تقاریر کے بعد جامعہ احمدیہ کے طلباء نے اپنے پیارے امام سے مختلف موضوعات پر سوالات کئے اور حضور انور نے ازراہ شفقت نہایت تفصیلی پُرحکمت جوابات ارشاد فرمائے۔ طلباء جامعہ احمدیہ کی یہ کلاس ایک بابرکت مجلس عرفان کی شکل اختیار کرگئی تھی۔ ذیل میں اس مجلس میں پیش کئے گئے سوالات اور ان کے جوابات افادۂ عام کے لئے پیش کئے جاتے ہیں۔